نقد و نظر

تذکرہ ائمۂ اربعہ

تالیف : اسلام الحق اسعدی مظاہری

ناشر : مکتبہ اسحاقیہ، جونا مارکیٹ، کراچی نمبر ۲

کاغذ، کتابت، طباعت بہتر۔ صفحات ۳۰۰، قیمت درج نہیں

"تذکرہ ائمۂ اربعہ" جیساکہ نام سے ظاہر ہے، چار ائمۂ فقہ کے حالات وسوانح پر مشتمل ہے۔ وہ ائمۂ علی الترتیب یہ ہیں: امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ — لیکن فاضل مصنف نے آخرِ کتاب امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے تین جلیل القدر تلامذہ — امام زفر، امام ابو یوسف اور امام محمد — کا تذکرہ بھی کر دیا ہے، جو چالیس صفحات کو محیط ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں امام ابوحنیفہ کا تذکرہ باقی ائمۂ فقہ کی نسبت کچھ زیادہ تفصیل سے ہے۔

دین کو سمجھنے اور اسلام کو گرفتِ فہم میں لانے کے لیے ائمۂ کرام اور اسلافِ عظام کے حالات سے باخبر ہونا ضروری ہے۔ انھوں نے مسائل و فروعات کو جس انداز میں بیان کیا اور جس نہج سے اس کی وضاحت کی، وہ انہی کا حصہ تھا۔ جو حضرات ان کے مختلف واقعات بیان کرنے اور ان کی خدماتِ دینی کو اجاگر کرتے ہیں وہ بجا طور پر ہمارے شکریے کے مستحق ہیں۔

ائمۂ اربعہ نے پہلی اور دوسری صدی ہجری میں احکامِ دین کی تفصیلات کو نہایت نکھار کر پیش کیا اور عبادات و معاملات کے تمام پہلوؤں کی انتہائی عمدگی سے وضاحت فرمائی۔ بعض مسائل کی تعیین و تشریح میں بہ ظاہر جو اختلاف نظر آتا ہے، وہ تاویل و تعبیر کا اختلاف ہے، بنیادی یا اساسی اختلاف ہرگز نہیں ہے، تاویل و تعبیر کا اختلاف ایک قدرتی امر ہے۔

اس کتاب میں ائمۂ اربعہ کے واقعات اگرچہ اختصار سے بیان کیے گئے ہیں اور بعض مقامات میں اسلوبِ تحریر کچھ محلِ نظر بھی ہے، تاہم کتاب لائقِ مطالعہ ہے، اس قسم کی کتابیں اضافۂ معلومات کا ذریعہ بنتی